بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن راولپنڈی

تصدیق / ویری فیکیشن رزلٹ کارڈ/سند

1. آن لائن درخواست جمع کرانے کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk پر E-Services کا پیج منتخب کریں

2. E-services کے پیج سے (Verification for individuals) کے icon پر کلک کریں جس سے آن لائن درخواست فارم کوائف کی فیڈنگ کے لئے دستیاب ہوتا ہے۔

3. آن لائن درخواست فارم پر رول نمبر، سال اور سیشن (سالانہ / ضمنی) درست فیڈ کریں۔

4. آن لائن درخواست فارم پر فون نمبر نہایت احتیاط کے ساتھ درست فیڈ کریں کیونکہ اس فون نمبر پر امیدوار کو بورڈ کی طرف سے sms/پیغام موصول ہوتا ہے جس کے بعد گھر بیٹھے تصدیق شدہ سند/رزلٹ کارڈ امیدوار کے اپنے موبائل فون/ کمپیوٹر/لیپ ٹاپ وغیرہ کے ذریعے پرنٹ ہوسکتا ہے جو کہ QR-Code کے ساتھ Verification کی مطلوبہ تفصیلات پر مشتمل ہوتا ہے اور سادہ کاغذ پر اس کا پرنٹ IBCC کے لئے قابلِ قبول ہوتا ہے اور اس پر دستی مہر یا دستخط ثبت نہیں ہوتے بلکہ digital Sign / Stamp پرنٹ ہوتے ہیں ۔

5. سند یا رزلٹ کارڈ کی اندرونِ ملک تصدیق کی فیس (IBCC سے تصدیق نہ کرانے کی صورت میں) مبلغ -/2500 روپے ہے اور اگر سند یا رزلٹ کارڈ دونوں کی اندرون ملک (IBCC سے تصدیق نہ کرانے کی صورت میں) تصدیق مقصود ہے تو اس کی فیس مبلغ 5000=2500+2500 روپے لاگو ہے۔

6. سند یا رزلٹ کارڈ کی اندرون ملک یا بیرون ملک تصدیق کیلئے (IBCC سے تصدیق کرانے کی غرض سے) مبلغ -/5000 روپے فیس لاگو ہے سند اور رزلٹ کارڈ دونوں کی تصدیق کیلئے مبلغ 10000=5000+5000 روپے فیس لاگو ہے۔

7. 19 ہندسوں پر مشتمل PSID کے تحت EasyPaisa یا JazzCash یا 1bill یا دیگر آن لائن ادائیگی کے نظام کے ذریعہ آن لائن فیس کی ادائیگی کی جاسکتی ہے۔

8. آن لائن فیس جمع کرانے کے بعد آپ کے فراہم کردہ فون نمبر پر sms بھیجا جاتا ہے جس کے مطابق رزلٹ کارڈ/سند کا تصدیقی سرٹیفکیٹ عام کاغذ پر پرنٹ کیا جاسکتا ہے۔

9. تصدیق اسناد/رزلٹ کارڈ کے ضمن میں اگر کسی ادارہ کی خصوصی ضروریات بشمول E-mail forwarding وغیرہ ہوں تو کاونٹر یا فون نمبر 051-5450929 پر رابطہ کریں۔

10. WES یا IQAS کی تصدیق کیلئے متعلقہ آفیشل فارم کے ساتھ کاونٹر پر رابطہ کریں۔

11. محکمانہ تصدیق کیلئے بورڈ کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk پر E-Services کا پیج منتخب کریں اور اس صفحہ پر (Verification for departments) کے icon پر کلک کریں اور ضروری کوائف کے ساتھ درخواست مکمل کریں۔

12. فیس کی ادائیگی کی رسید یا آن لائن درخواست کی ہارڈ کاپی جمع کرانے یا ذاتی حیثیت میں دفتر میں آ کر تصدیقی سرٹیفکیٹ/رزلٹ کارڈ وصول کرنے کی ضرورت نہ ہے بلکہ گھر بیٹھے ڈاؤن لوڈ / پرنٹ کریں۔

13. Tracking Id کے ذریعے بورڈ کی ویب سائٹ www.biserawalpindi.edu.pk کے 2.E-services کے پیج سے تصدیقی سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ/پرنٹ کیا جاسکتا ہے۔